ایس او پیز (SOPs) نمبر: ابدالین سوسائٹی فیز-I :05 — مورخہ: 01-01-2026

ایس و پیز برائے کرایہ داران اور رہائشی حضرات

1- مالک مکان کے لیے لازمی ہے کہ رینٹل کنٹریکٹ کے اجراء، موثر اور غیر موثر ہونے کے متعلق قبل از وقت سوسائٹی آفس میں جنرل مینجر کو اطلاع دے گا۔

2- کرایہ دار کی شناختی تفصیلات اور کردار کی تصدیق کرنا گھر کے مالک کی ذمہ داری ہے۔

3- مالک مکان کو کرایہ داروں کا انتخاب کرتے وقت یہ تصدیق کرنا لازم ہے کہ کرایہ داران کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں ہے۔ اس کے علاوہ پولیس سے این او سی (NOC) کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنا لازمی ہو گا اور مکان مالک پولیس این او سی (NOC) کی ایک عدد کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

4- مالک مکان کو کرایہ دار کے طرز عمل کی ذمہ داری کے لیے سوسائٹی انتظامیہ کو ایک حلف نامہ فراہم کرنا ہو گا۔

5- مالک مکان اس بات کو یقینی بنائے گا کہ کرایہ دار سوسائٹی کے رہائشیوں کے لیے پریشانی کا سبب نہ بنے، سوسائٹی قوانین کی پابندی کریں اور اپنی گاڑی یا موٹر بائیک سے فضائی آلودگی پیدا نہ کریں۔ بجلی اور گیس کی چوری نہ کرے اور گیس کمپریسر کا استعمال اپنے گھروں میں ہر گز نہ کریں۔ نتائج کی ذمہ داری میں مالک مکان برابر شریک ہو گا۔

6- کرایہ نامہ قانونی اسٹامپ پیپر پر تیار کیا جانا چاہیے جس کو نوٹری پبلک کے ذریعے باقاعدہ تصدیق کیا جائے۔

7- پنجاب انفرمیشن برائے عارضی رہائش (کرایہ داری) ایکٹ 2015 کے مطابق کرایہ دار کی رجسٹریشن متعلقہ تھانہ میں ریکارڈ کروانا ضروری ہے اور یہ رجسٹرڈ شدہ کرایہ داری کا معاہدہ جو کہ ایک سال کا ہو گا کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع کروانا لازم ہے۔

8- ابدالین سوسائٹی کی انتظامیہ کمیٹی کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر مکان مالک کرایہ نامہ اور NOC تصدیق کی کاپی سوسائٹی آفس میں جمع نہیں کرواتا تو مکان مالک کو کرائے کا 5٪ فیصد بطور جرمانہ عائد ہو گا اور کرایہ دار کو سوسائٹی سے بے دخل کیا جائے گا۔

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

9۔ یہ مکمل طور پر مکان مالک کی خواہش پر منحصر ہے کہ وہ کرایہ دار کو گھر کے اندر پارکنگ کی جگہ فراہم کرے۔ بحر طور کرایہ دار اپنی گاڑی وغیرہ گلی میں پارک نہیں کرے گا۔

10۔ یہ مکان مالک کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ رہائشی مکان میں کرایہ داری کی بنیاد پر کوئی تجارتی سرگرمیاں ہرگز نہ کی جائیں۔

11۔ کسی بھی کرایہ دار کو Sublet کرنے کی یا کسی بھی مکان میں مالک یا کرایہ دار کو کسی قسم کی کاروباری سرگرمی، بیوٹی پارلر، ٹیوشن سنٹر وغیرہ کی ہرگز اجازت نہ ہے۔

12۔ مکان مالک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مکان غیر شادی شدہ یا کنوارہ کو کرائے پر نہ دیا جائے۔

13۔ مکان مالک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ تجدید شدہ کرایہ کا معاہدہ ہر وقت درست ہو۔

14۔ ڈرائیور یا دیگر مرد ملازمین کا گھر کے باہر گرین بیلٹ میں بیٹھنا خواتین کے آنے جانے میں رکاوٹ کا باعث بنتا ہے لہذا یہ ملازمین اپنے پورچ میں آرام کریں۔ البتہ ان ملازمین کے ملاقاتی جن کا گھر میں داخلہ مناسب نہ ہو قلیل مدت کے لئے باہر بیٹھ کر ملاقات کر سکتے ہیں اور مکمل شائستگی کا مظاہرہ کریں۔ خلاف ورزی پر ملازم کو بے دخل کیا جائے گا۔

15۔ بلوں کی بروقت ادائیگی مالک مکان کی اولین ذمہ داری ہے تا کہ مکینوں کو تمام خدمات کی فراہمی بلا تعطل جاری رہ سکے۔ کرایہ دار اس کا پابند ہو گا۔ خلاف ورزی کی صورت میں بائی لاز کے مطابق مکان مالک کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔

16۔ مندرجہ بالا تمام شقوں میں کسی ایک کی خلاف ورزی پر کرایہ دار کو بے دخل کیا جائے گا اور مالک مکان و کرایہ دار کے خلاف حسب ضرورت قانونی کاروائی بھی کی جائے گی۔

جنرل سیکرٹری

General Secretary
Abdalians Cooperative
Housing Society Lahore

First Issue